


صدر ڈیٹر ایف۔ اُکڈورف
صدارتی مجلسِ اعلیٰ میں مشیر دوم

# ہمیں نبیوں کی ضرورت کیوں ہے؟

کیوں کہ آسمانی باپ اپنے بچوں سے پیار کرتا ہے، اِس لئے اُس نے اُنہیں یہ فانی زندگی گزارنے کے لئے ہدایت اور رہنمائی کے بغیر نہیں چھوڑا ہے۔ ہمارے آسمانی باپ کی تعلیمات کوئی معمولی، قابلِ پیشگوئی، اوسط قسم کی نہیں ہیں جن کو آپ کتابی صورت میں مقامی بُک سٹور سے لے سکتے ہیں۔ وہ سب قوی، سب کچھ جاننے والی سلیسٹیل ہستی کی حکمت ہیں جو اپنے بچوں سے پیار کرتا ہے۔ اُسکا کلام زمانوں کا راز، اِس دنیا میں اور آنے والی دُنیا میں خوشی کی کُنجی کا احاطہ کرتا ہے۔

آسمانی باپ زمین پر یہ حکمت اپنے بچوں پر اپنے خُدام انبیاء کے ذریعے آشکار کرتا ہے۔ (دیکھئے عاموس ۳:۷)۔ آدم کے زمانے سے لے کر، خدا نے اپنے بچوں سے اپنے مقررہ نبیوں کے وسیلے کلام کیا ہے جنہیں آسمانی باپ کی مرضی کو آشکار کرنے اور دوسروں کو مشورت دینے کی ذمہ داری سونپی گئی۔ انبیاء الہامی معلمین اور ہمیشہ خصوصی طور پر یسوع مسیح کی گواہ رہے ہیں (دیکھئے تعلیم اور عہد ۱۰۷:۲۳) انبیاء نہ صرف اپنے زمانے کے لوگوں سے خطاب کرتے ہیں، بلکہ سارے زمانوں کے لوگوں سے۔ اُن کی آوازیں خدا کے بچوں پر اُس کی مرضی کی گواہی کے طور پر صدیوں گونجتی ہیں۔

آج کا دَور ماضی کے اَدوار سے مختلف نہیں ہے۔ خداوند ہمارے زمانے کے لوگوں سے پچھلے زمانوں کی نسبت کچھ کم پیار نہیں کرتا ہے۔ کلیسیائے یسوع مسیح کی بحالیت کے جلالی پیغامات میں سے ایک یہ ہے کہ خدا اپنے بچوں سے کلام کرنا جاری رکھے ہوئے ہے! وہ آسمانوں میں چھپا ہوا نہیں ہے بلکہ قدیم ایام کی طرح آج بھی کلام کرتا ہے۔

خداوند اپنے انبیاء پر جو کچھ منکشف کرتا ہے اِس کا بہت سارا حصہ بطور افراد اور معاشرے ہمارے دکھوں کو روکنے کے ارادے سے ہے۔ جب خدا بات کرتا ہے، تو وہ ایسا سکھانے، الہام بخشنے، خالص بنانے، اور اپنے بچوں کو آگاہ کرنے کے لئے کرتا ہے۔ جب افراد یا معاشرے اپنے آسمانی باپ کی ہدایات کو نظرانداز کرتے ہیں، تو وہ ایسا امتحان، عذاب، اور سخت مشقت کے خطرے کے طور پر کرتا ہے۔

خدا اپنے سارے بچوں سے پیار کرتا ہے۔ اِس لئے وہ اپنے نبیوں کے وسیلے سے ہم سے بڑی سنجیدگی سے التجا کرتا ہے۔ جس طرح ہم اپنے عزیزوں کے لئے بہترین چاہتے ہیں، اِسی طرح ہمارا آسمانی باپ ہمارے لئے بہترین چاہتا ہے۔ اِس لئے اُس کی ہدایت اتنی فیصلہ کن اور بعض اوقات اتنی ارجنٹ ہوتی ہیں۔ اِس لئے اُس نے ہمیں آج کے دَور میں بھی نہیں چھوڑا بلکہ اپنے نبیوں کے ذریعے اپنی مرضی کو منکشف کرنا جاری رکھتا ہے۔ ہماری اور ہماری دنیا کی قسمت کا انحصار خدا کے کلام کو سننے اور اُس پر توجہ دینے پر ہے جو وہ اپنے بچوں پر منکشف کرتا ہے۔

نوعِ انسانی کے لئے خدا کی بیش قیمت ہدایات بائبل، مورمن کی کتاب، تعلیم اور عہد، اور بیش قیمت موتی میں پائی جاتی ہیں۔ مزید برآں، خداوند اپنے خادموں کے وسیلے ہم سے کلام کرتا ہے، جس طرح وہ پھر آنے والی جنرل کانفرنس میں کرے گا۔

وہ تمام لوگ جو پوچھ سکتے ہیں کہ کیا ایسا ہو سکتا ہے، "کیا ایسا ممکن ہے کہ خدا آج بھی ہم سے کلام کرتا ہے؟" میں اپنے پورے دل سے اُن کو دعوت دیتا ہوں کہ وہ "آئیں اور دیکھیں" یوحنا ۱:۴۶) صحائف میں پائے جانے والے خدا کے کلام کا مطالعہ کریں۔ خداوند کا کلام جو وہ آخری ایام کے انبیاء کے ذریعے کرپائے اُس کو سننے کے خواہش مند جنرل کانفرنس کو توجہ سے سنیں۔ اپنے دل سے آؤ، سنو، اور دیکھو! کیوں کہ اگر تم "سچے دل اور

نیک نیتی سے مسیح پر ایمان رکھ کر دُعا کرو، تو [خدا] اِس کی سچائی رُوح القدس کی قدرت سے تم پر ظاہر کرے گا" (مرونی ۱۰:۴)۔ اِس قوت سے اور اِس کے وسیلے سے، میں جانتا ہوں کہ یسوع مسیح موجود ہے، اور زندہ نبی، صدر تھامس ایس۔ مانسن کے ذریعے اِس کلیسیاء کی رہنمائی کرتا ہے۔

بہنوں اور بھائیو، خدا آج بھی ہم سے کلام کرتا ہے۔ اور خدا خواہش مند ہے کہ اُس کے سارے بچے اُس کی آواز کو سنیں بلکہ توجہ دیں۔ جب ہم ایسا کرتے ہیں، تو خداوند ہم کو برکت دے گا اور ہمیں بڑی سرفرازی بخشے گا، اِس دنیا میں اور آنے والی دنیا میں بھی۔

## نوجوان

### زندہ نبی سے راہنمائی پاتے ہوئے

کرسٹی رائپا

جب میں ۱۶ برس کی تھی، تو پہلی دفعہ ذاتی طور پر مجھے جنرل کانفرنس میں شریک ہونے کا موقع ملا۔ میرا خاندان یوایس اے میں مغربی اورگن میں رہتا تھا، اور ہم جنرل کانفرنس میں شرکت کے لئے یوٹاہ گئے اور اپنے بڑے بھائی کو مشنری تربیتی مرکز میں چھوڑا۔

میں اِس خواہش کے ساتھ جنرل کانفرنس میں گئی کہ روح القدس مجھے سکھائے گا۔ نتیجہ کے طور پر، میں نے روح کا ظہور پایا جو میں غالبًا نہ پا سکتی اگر میں نے خود کو تیار نہ کیا ہوتا۔

ایک سیشن کے دوران، ہر ایک کھڑا ہوا اور جماعتی گیت، "اے عظیم یہواہ، ہماری رہنمائی کر" ["Guide Us, O Thou Great Jehovah."] گایا۔ جوں ہی ہم نے یہ گایا، تو مجھے زبردست تاثر ملا کہ میں کانفرنس سنٹر کے گرد نگاہ دوڑاؤں۔ میں نے ایسا کیا اور ہزاروں لوگوں کے اتحاد کی روح کے سبب حیران رہی گئی جو وہاں تھے اور سب نے مل کر اپنی آوازوں کو خدا کی تعریف کے لئے بلند کیا۔

پھر مجھے تجربہ ہوا جہاں پر میں نے نیفی کی طرح محسوس کیا جب اُس نے زندگی کے درخت کی رویا دیکھی، کیوں کہ روح نے مجھے بتایا، "دیکھو" (دیکھئے ا نیفی ۱۱۔۱۴) میں نے صدر تھامس ایس۔ مانسن کو دیکھا کہ کلیسیا کا اتحاد موجود ہے کیوں کہ ہم سب کی رہنمائی ایک زندہ نبی کرتا ہے۔ پاک روح کی گواہی کے وسیلے سے، میں جانتی ہوں کہ صدر مانسن ہمارے زمانے میں سچا نبی ہے اور میں جانتی ہو کہ یسوع مسیح صدر مانسن کے ذریعے اِس کلیسیائی کی رہنمائی کرتا ہے۔

© 2012 by Intellectual Reserve, Inc. جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ یوایس اے میں چھپا۔ اجازت برائے انگریزی: 6 / 11۔ اجازت برائے ترجمہ: 6 / 11۔ *First Presidency Message, March 2012.* Translation of کا Urdu ترجمہ۔ 434 10363

# میری سلطنت میں بیٹیاں

اِس مواد کا مطالعہ کریں، اور جیسے مناسب ہو، اِس کے بارے اُن بہنوں سے گفتگو کریں جن سے آپ ملاقات کرتی ہیں۔ وہ سوالات استعمال کریں جو بہنوں کو مضبوط کرنے اور ریلیف سوسائٹی کو آپ کی زندگی کا سرگرم حصہ بنانے کے لئے آپ کی مدد کریں۔

ایمان، خاندان، فلاح

ہم اپنے آسمانی باپ کی بیٹیاں ہیں۔ وہ ہمیں جانتا ہے، ہم سے پیار کرتا ہے، اور ہمارے لئے ایک منصوبہ رکھتا ہے۔ زمین پر آنے کے منصوبے کے حصہ میں یہ بات بھی شامل تھی کہ ہم بدی پر نیکی کا انتخاب کرنا سیکھیں۔ جب ہم خدا کے حکموں پر قائم رہنے کا انتخاب کرتی ہیں، تو ہم خدا کی عزت کرتی ہیں اور خدا کی بیٹیوں کے طور پر اپنی شناخت کو تسلیم کرتی ہیں۔ ریلیف سوسائٹی اِس الٰہی ورثے کو یاد رکھنے میں ہماری مدد کرتی ہے۔

ریلیف سوسائٹی اور اس کی تاریخ ہمیں مضبوط بناتی اور ہماری معاونت کرتی ہے۔ جولی بی۔ بیک ریلیف سوسائٹی کی جنرل صدر نے فرمایا: "خدا کی بیٹیوں کے طور پر، آپ ابدی مقامات کے لئے تیار ہو رہی ہیں، اور آپ میں سے ہر ایک کی شناخت، فطرت، اور ذمہ داری ایک عورت کے طور پر ہے۔ خاندانوں، معاشروں، اِس کلیسیا، اور نجات کے قیمتی منصوبے کا انحصار آپ کی وفاداری پر ہے۔ . . . [ہمارا آسمانی باپ] ریلیف سوسائٹی سے یہ منسوب کرتا ہے کہ وہ خدا کے لوگوں کی تعمیر میں مدد کریں اور اُن کو ہیکل کی برکات کے لئے تیار کریں۔ اُس نے [ریلیف سوسائٹی] کو اِس لئے قائم کیا کہ وہ اپنی بیٹیوں کو اپنے کام کے ساتھ ایک ہی صف میں لا سکے اور اپنی بادشاہت کی تعمیر اور صیون کے گھروں کی مضبوطی میں اُن کی مدد کے لئے اُن کو بھرتی کر سکے۔[1]

ہمارے آسمانی باپ نے ہمیں اپنی سلطنت کی تعمیر کرنے میں مدد دینے کے لئے خاص کام دیا ہے۔ خدا نے ہمیں خاص روحانی تحائف سے بابرکت بنایا ہے جن کی ہمیں اِس خاص کام کی تکمیل کے لئے ضرورت پڑتی ہے۔ ریلیف سوسائٹی کے وسیلے، ہمارے پاس مواقع ہیں کہ ہم خاندانوں کو مضبوط کرنے کے لئے اپنے تحائف کو استعمال کریں، ضرورت مندوں کی مدد کریں، اور سیکھیں کے یسوع مسیح کے شاگردہ کے طور پر کیسے زندگی گزارنی ہے۔

صدر ڈیئٹر ایف۔ اُکڈورف، صدارتی مجلس اعلیٰ میں مشیر دوم، نے شاگردیت کے بارے فرمایا، "شاگردیت کی راہ میں صبر کے ساتھ چلنے کے سبب، ہم اپنے ایمان کی گہرائی کو ظاہر کرتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ خدا کی مرضی کو قبول کرنے کی رضامندی کو بھی ظاہر کرتے ہیں نہ کہ اپنی۔"[2]

آئیں یاد کریں کہ ہم خدا کی بیٹیاں ہیں اور اُس کے شاگردوں کے طور پر زندگی بسر کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔ جب ہم ایسا کرتی ہیں، تو ہم یہاں زمین پر خدا کی سلطنت کی تعمیر کرنے میں مدد کرتی ہیں اور اُس کی حضوری میں واپس جانے کی اہل بن جاتی ہیں۔

### ہماری تاریخ سے

۲۸ اپریل ۱۸۴۲ء کو نبی جوزف سمتھ نے ریلیف سوسائٹی میں بہنوں سے فرمایا: "اَب آپ ایک ایسی صورت حال میں ہو جس میں آپ اُن ہمدردیوں کے مطابق کام کر سکتی ہو جو [خدا] نے تم میں رکھی ہیں۔۔۔ اگر آپ اپنے حقوق کے مطابق جیتی ہو، فرشتے تمہارے رفیق ہونے سے نہیں رُک سکتے۔"[3]

دوسروں کی خدمت کرنے اور انفرادی طور پر ایمان میں بڑھنے کے واسطے مدد دینے کے لئے ریلیف سوسائٹی کی طاقت کو پہچانیں، زیناڈی۔ ایچ۔ ینگ، ریلیف سوسائٹی کی تیسری جنرل صدر، نے ۱۸۹۳ء میں بہنوں سے وعدہ کیا، "اگر آپ اپنے ہی دلوں کو گہرائی میں جانچیں گی، تو آپ خداوند کے روح کی معاونت سے، بیش قیمت موتی، اور اِس کام کی گواہی پائیں گی۔"[4]


**حوالہ جات**

۱۔ جولی بی۔ بیک، "میری سلطنت میں بیٹیاں: ریلیف سوسائٹی کی تاریخ اور کام،" لیحونا نومبر۔ ۲۰۱۰ء، ۱۱۲، ۱۱۴۔
۲۔ ڈیئٹر ایف۔ اُکڈورف، "شاگرد کی راہ،" لیحونا، مئی ۲۰۰۹ء، ۷۶۔
۳۔ جوزف سمتھ، کلیسیائی تاریخ میں، ۴:۶۰۵
۴۔ زیناڈی۔ ایچ ینگ، "How I Gained My Testimony of the Truth," ینگ وویمن کا جنرل، اپریل۔ ۱۸۹۳ء، ۳۱۹۔


## صحائف سے

زکریا ۲:۱۰؛ تعلیم اور عہد ۲۵:۱، ۱۰، ۱۶؛ ۱۳۸: ۳۸—۳۹، ۵۶؛ "خاندان: دنیا کے لئے ایک اعلان" لیحونا اور ایزائن، نومبر ۲۰۱۰ء، ۱۲۹)

## میں کیا کر سکتی ہوں

۱۔ خدا کی بیٹیوں کے طور پر میں اپنی بہنوں کی حقیقی قوت تک پہنچنے میں کیسے مدد کر سکتی ہوں؟

۲۔ تعلیم اور عہد ۲۵ میں خواتین کو دی جانے والی آگاہیوں اور مشورت کا اطلاق میں اپنی زندگی میں کیسے کر سکتی ہوں؟

مزید معلومات کے لئے، www.reliefsociety.lds.org پر جائیں۔


© 2012 by Intellectual Reserve, Inc.۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ یو ایس اے میں چھپا۔ اجازت برائے انگریزی: 6 / 11۔ اجازت برائے ترجمہ: 6 / 11۔ Translation of *Visiting Teaching Message, March 2012.* کا Urdu ترجمہ۔ 10363 434